خبروں کا اعلامیہ

مذہبی کارکنان کے لیے امیگریشن کا نیا راستہ

28ستمبر، 2022

البرٹا اپنے صوبائی امیگریشن پروگرام کو وسیع کرنے کے لیے دوسرے صوبوں کے ساتھ شامل ہو کر مذہبی کارکنان کی درخواستیں قبول کرے گا جو اپنی کمیونٹیز کی روحانی اور پادری سے متعلق (پاسچورل) ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

البرٹا متنوع مذہبی روایات سے تعلق رکھنے والی ہزاروں مذہبی کمیونٹیز کا گھر ہے، جن میں سے اکثر اپنی مذہبی، پاردی سے متعلق اور روحانی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بیرون ملک سے آنے والے پادریوں اور دیگر مذہبی کارکنوں پر انحصار کرتے ہیں۔ تاہم، فی الحال ایسے کارکنوں کے لیے البرٹا میں مستقل رہائش ڈھونڈنے یا حاصل کرنے کے لیے کوئی واضح راستہ نہیں ہے، یعنی یہ کہ بہت سے اچھی طرح سے قائم شدہ مذہبی کارکنان جو اپنی کمیونٹیز کے ساتھ قریبی تعلقات استوار کرتے ہیں، انہیں اپنی عارضی رہائش کی مدت ختم ہونے کے بعد ملک چھوڑنا پڑتا ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ مذہبی تنظیمیں اپنی جماعتوں کی بہتر خدمت کر سکیں، البرٹا کی حکومت البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program) کے تحت ان کارکنوں کو راغب کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

مذہبی نئے آنے والے پیشہ ور افراد اب البرٹا آپرچیونٹی اسٹریم (Alberta Opportunity Stream) ، البرٹا ایکسپریس انٹری اسٹریم (Alberta Express Entry Stream) اور رورل رینیوول اسٹریم (Rural Renewal Stream) کے تحت مذہبی تنظیموں کے ساتھ کام کرنے اور صوبے میں مستقل طور پر آباد ہونے کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔ درخواست دہندگان کے پاس البرٹا میں مقیم مذہبی تنظیم کی طرف سے ملازمت کی پیشکش ہونی چاہیے اور انہیں پروگرام کے تحت موجودہ معیارات پر، بشمول زبان، تعلیم اور اجرت کی ضروریات، پر پورا اترنا چاہیے ۔

یہ تبدیلیاں البرٹا کو دیگر صوبوں بشمول برٹش کولمبیا، ساسکچیوان، مانیٹوبا اور اونٹاریو جو مذہبی کارکنوں کو اپنے صوبائی امیگریشن پروگرام کے تحت درخواست دینے کی اجازت دیتے ہیں، ان کے ساتھ جوڑتی ہیں۔

البرٹا کی حکومت لیبر مارکیٹ کی نگرانی جاری رکھے گی اور البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program) میں تبدیلیاں کرے گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ البرٹا کی معیشت اور کمیونٹیز کو سپورٹ کرتی ہے۔

فوری حقائق

- البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program) ایک وفاقی-صوبائی پروگرام ہے جو افراد کو البرٹا میں مستقل رہائش کے لیے نامزد کرتا ہے، اگر ان کے پاس ملازمت کی کمی کو پورا کرنے کی مہارت ہے یا اگر وہ البرٹا میں کوئی کاروبار خریدنے یا شروع کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔
- مذہبی کارکنان، اگر موجودہ اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو، البرٹا آپرچیونٹی اسٹریم (Alberta Opportunity Stream) ، رورل رینیوئل اسٹریم (Rural Renewal Stream) اور البرٹا ایکسپریس انٹری اسٹریم (Alberta Express Entry Stream) کے تحت پروگرام میں درخواست دے سکتے ہیں، ۔
  - البرٹا آپرچیونٹی اسٹریم(Alberta Opportunity Stream) عارضی غیر ملکی کارکنوں کے لیے ہے جو پہلے سے ہی البرٹا میں کام کر رہے ہیں اور ان کے پاس البرٹا کےایک آجر کی طرف سے کسی اہل پیشے میں کل وقتی ملازمت کی پیشکش ہے۔
  - رورل رینیوئل اسٹریم (Rural Renewal Stream) ان افراد کے لیے ہے جن کے پاس البرٹا کی نامزد دیہی کمیونٹیز میں سے ایک میں کام کرنے کے لیے کمیونٹی کے تعاون سے کام کی پیشکش ہے۔
  - البرٹا ایکسپریس انٹری اسٹریم (Alberta Express Entry Stream) البرٹا کو فیڈرل ایکسپریس انٹری نظام سے اہل امیدواروں کو نامزد کرنے کی اجازت دیتا ہے جو البرٹا کے ساتھ مضبوط تعلقات کا مظاہرہ کرتے ہیں یا کسی ایسے پیشے میں کام کر رہے ہیں جو البرٹا کی اقتصادی ترقی اور تنوع کی حمایت کرتا ہے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام(Alberta Advantage Immigration Program)
- البرٹا کی بحالی کا منصوبہ(Alberta's Recovery Plan)

ALBERTA'S RECOVERY PLAN

Alberta's Recovery Plan is a plan to breathe new life into Alberta's economy and create new opportunities for every Albertan. It's a plan to build, to diversify, and to create jobs.